ہریش راؤ سستے تبصرے کرنا بند کریں

ریاستی حکومت دنیا کی سب سے بڑی 40 کلومیٹر لمبی ایس ایل بی سی ٹنل کو مکمل کرے گی: چیف منسٹر ریونت ریڈی

حیدرآباد۔ 3/ نومبر(سفیر نیوز/ صدائے حسینی)منے وارِپلی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلی ریونت ریڈی نے کہا کہ ایس ایل بی سی (SLBC) منصوبہ 1983 میں 30ٹی ایم سی پانی کی منتقلی اور 3لاکھ ایکڑ زمین کو سیراب کرنے کے ہدف کے ساتھ منظور کیا گیا تھا۔انہوں نے کہا کہ متحدہ آندھرا پردیش کے دورِحکومت میں 2004میں ڈاکٹر وائی ایس راج شیکھر ریڈی نے ٹنل 1-اور ٹنل 2-کے کاموں کا آغاز کیا تھا جن کے لیے 1,968 کروڑ روپے کی لاگت سے ٹینڈر دیے گئے تھے اس منصوبے کے لیے ملک میں پہلی بار ٹنل بور مشین استعمال کی گئی۔وزیراعلی نے بتایا کہ 2014 تک کئی کلومیٹر ٹنل کا کام مکمل ہوا لیکن تلنگانہ بننے کے بعد کے سی آر نے 10 سال میں 10 کلومیٹر بھی مکمل نہیں کیا انہوں نے الزام لگایا کہ ہریش راا ور کے سی آر نے سیاسی بدنیتی کے ساتھ اس منصوبے کو نظرانداز کیا۔ریونت ریڈی نے کہا کہ اگر تلگنڈہ کو کششِ ثقل (Gravity) کے ذریعہ پانی پہنچانے کی کوشش کی جائے تو رکاوٹیں کھڑی کی جا رہی ہیں۔ دنیا میں کہیں بھی 40 کلومیٹر لمبی ٹنل نہیں ہے اور اگر یہ منصوبہ مکمل ہو گیا تو تلنگانہ کو ایک عالمی ریکارڈ حاصل ہوگا۔انہوں نے کہا کہ یہ منصوبہ اس وقت 2 ہزار کروڑ روپے میں مکمل ہوسکتا تھا مگر اب لاگت بڑھ کر 4,600 کروڑ روپے تک پہنچ گئی ہے۔وزیراعلی نے مزید کہا کہ کرشنا ندی پر ایک بھی منصوبہ مکمل نہیں کیا گیا حالانکہ کے سی آر نے اپنے دس سالہ دورِحکومت میں 1 لاکھ 86ہزار کروڑ روپے ٹھیکیداروں کو دیے، جن میں سے 1لاکھ 5ہزار کروڑ روپے کالیشورم منصوبے پر خرچ کیے گئے۔انہوں نے افسوس ظاہر کیا کہ کرشنا ندی میں تلنگانہ کا حصہ نہ لینے کی وجہ سے آندھرا پردیش پانی استعمال کر رہا ہے۔ریونت ریڈی نے کہا کہ 299ٹی ایم سی پر ہریش رانے دستخط کیے تھے لیکن اب ہم ٹریبونل میں اپنا مقدمہ پیش کر رہے ہیں تاکہ ہمیں ہمارا جائز حصہ ملے۔انہوں نے کہا کہ اتنی کم لاگت میں 30 ٹی ایم سی پانی پہنچانے والا کوئی اور منصوبہ نہیں ہیم اقتدار میں آتے ہی کام شروع کر دیے ہیں بدقسمتی سے آٹھ مزدور جاں بحق ہوئے ہمیں ان کے نقصان کا دکھ ہے،مگر ہم ان کے اہل خانہ کی مدد کرتے ہوئے منصوبے کو مکمل کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔ریونت ریڈی نے بتایا کہ اتم کمار ریڈی اپنے فوجی تعلقات کے ذریعے منصوبے کی تکمیل کے لیے کوشش کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہریش راکو فضول بیانات بند کردینے چاہئیں۔آپ نے غلطیاں کیں، قرض لیے اور لوٹ مار کی، اسی لیے عوام نے آپ کو مسترد کر دیا۔وزیراعلی نے کہا کہ اگر ہم یہ منصوبہ مکمل نہ کریں تو عوام ہمیں کبھی معاف نہیں کریں گے ہم ہرصورت میں ایس ایل بی سی ٹنل کو مکمل کریں گے۔ مرلا پاڈو، کیشیا تانڈا اور نکلا گنڈی تانڈا کے جو لوگ زیرِ آب آنے کے خطرے میں ہیں ان کے مسائل 31 دسمبر تک حل کرنے کی ذمہ داری ہماری ہے۔ریونت ریڈی نے کہا کہ اگر اب یہ کام نہ کیا گیا تو یہ منصوبہ کبھی مکمل نہیں ہوگا جتنی بھی رکاوٹیں آئیں ہم انہیں دور کر کے یہ منصوبہ مکمل کریں گے۔اگر یہ منصوبہ مکمل نہ ہوا تو نلگنڈہ اور محبوب نگر کے عوام کو بہت بڑا نقصان ہوگا۔

مجالس عزا بسلسلہ شہادت شہزادی کونین فاطمہ زہراؑ سے عزاخانہ زہرا دارالشفا حیدرآباد میں مولانا سید بلال کاظمی صاحب خطاب کرتے ہوئے۔کثیر تعداد میں مومنین نے مجلس عزا میں شرکت کی۔مجالس عزا کا سلسلہ 13 جمادی الاول مطابق 5 نومبر تک جاری ہے بانیان مجالس فرزندان مرحوم سید رضا علی ہاشم موسوی صاحب۔جناب طالب موسوی اور جناب مظہر موسوی نے مومنین سے شرکت کا معروضہ کیا ہے۔

وائی ایس آر کانگریس لیڈر جوگی رمیش گرفتار

وجئے واڑہ ۔ 3/ نومبر(سفیر نیوز/ صدائے حسینی)وائی ایس آر سی پی کے سینئر لیڈر اور سابق وزیر جوگی رمیش کو اسپیشل انویسٹی گیشن ٹیم نے جعلی شراب کیس میں گرفتار کرلیا ہے۔انہیں آج صبح کرشنا ضلع کے ابراہیم پٹنم میں واقع ان کی رہائش گاہ سے ڈرامائی پیش رفت کے درمیان گرفتار کیا گیا۔ اس گرفتاری نے اے پی کے سیاسی حلقوں میں زبردست ہلچل مچا دی ہے۔تفصیلات کے مطابق آج صبح ایس آئی ٹی کے عہدیدار بھاری پولیس فورس کے ساتھ جوگی رمیش کے گھر پہنچے۔ ایس آئی ٹی نے پہلے جوگی رمیش کے ماتحت کام کرنے والوں کو پوچھ تاچھ کیلئے حراست میں لیا۔ بعدازاں جوگی رمیش کو بڑے ڈرامے کے درمیان گرفتار کرلیا گیا۔اس بات کا علم ہونے کے بعد بڑی تعداد میں وائی ایس آر سی پی کارکنان ان کے گھر پہنچ گئے۔ تاہم جوگی رمیش فوری طور پر پولیس کی گاڑی میں سوار ہوگئے۔ذرائع کے مطابق جوگی رمیش کو اس کیس کے مرکزی ملزم جنار دھن راو کے بیان کی بنیاد پر گرفتار کیا گیا ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ جنار دھن رانے تحقیقات کے دوران انکشاف کیا کہ اس نے جوگی رمیش کے اکسانے پر جعلی شراب بنائی تھی۔اس بیان کو کلیدی بنیاد کے طور پر لیتے ہوئے ایس آئی ٹی حکام نے مزید کارروائی کی۔تاہم جوگی رمیش شروع سے ہی ان الزامات کی تردید کرتے رہے ہیں۔ انہوں نے پہلے ہی واضح کیا تھا کہ حکومت ان کیخلاف سیاسی انتقام میں مصروف ہے اور اس کیس سے انکا کوئی تعلق نہیں ہے۔

تلنگانہ بس حادثہ بیرسٹر اویسی کا اظہار تعزیت

حیدرآباد۔3/نومبر(سفیر نیوز/صدائے حسینی)کل ہند مجلس اتحاد المسلمین کے صدر اور حیدرآباد کے رکن پارلیمنٹ، بیرسٹر اسدالدین اویسی نے رنگا ریڈی ضلع کے مرزا گوڑہ میں پیش آئے المناک بس حادثے پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا، جہاں ایک ٹپر لاری کے تلنگانہ آر ٹی سی بس سے ٹکرانے کے نتیجے میں متعدد افراد ہلاک ہوئیں۔ انہوں نے اس خوفناک واقعے میں اپنے پیاروں کو کھونے والے خاندانوں سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجلس پارٹی اس مشکل گھڑی میں ان کے ساتھ کھڑی ہے ۔ ہمدردی کا اظہار کرنے کے ساتھ ساتھ، بیرسٹر اویسی نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ زخمیوں اور ان کے خاندانوں کو فوری امداد کو یقینی بنائے، اور مستقبل میں ایسے سانحات کو روکنے کے لئے لیے سڑک پر حفاظت کے ضوابط کو سختی سے نافذ کرے۔

چیوڑلہ بس حادثے پر کے ٹی آر کا اظہارِ رنج وغم

حیدرآباد۔3/نومبر (سفیر نیوز/صدائے حسینی)رنگا ریڈی ضلع کے چیوڑلہ منڈل کے خاناپور اسٹیج کے قریب پیش آئے خوفناک سڑک حادثے پر سابق وزیر اور بی آر ایس کے ورکنگ صدر کے ٹی آر نے گہرے رنج وغم کا اظہار کیا۔تانڈور ڈپو سے تعلق رکھنے والی آر ٹی سی بس اور ٹپر کے درمیان تصادم میں 17 مسافروں کی ہلاکت اور متعدد کے شدید زخمی ہونے پر انہوں نے گہرا افسوس ظاہر کیا۔کے ٹی آر نے جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کے لیے دعا کی۔انہوں نے ریاستی حکومت سے اپیل کی کہ زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں اور جاں بحق وزخمیوں کے اہلِ خانہ کی فوری مالی مدد کی جائے۔

حادثہ کے مہلوکین میں ایک ہی خاندان کی تین بیٹیاں شامل

حیدرآباد۔ 3/نومبر (سفیر نیوز/صدائے حسینی) تلنگانہ کے چیوڑلہ میں پیش آئے سڑک حادثہ کے مہلوکین میں ایک ہی خاندان کی تین بیٹیاں بھی شامل ہیں۔تفصیلات کے مطابق وقارآباد ضلع کے تانڈور ٹاؤن کے گاندھی نگر سے تعلق رکھنے والے ایلیا گوڑ کی تین بیٹیاں اس حادثہ میں ہلاک ہوگئیں۔ان کے ارکان خاندان کے مطابق تنوشا، سائی پریا اور نندنی اس حادثہ میں ہلاک ہوگئی ہیں۔ چندروز قبل ایک شادی کی تقریب میں خوشیوں سے بھرپور وقت گزارنے والی یہ تینوں اس افسوسناک حادثہ میں ہلاک ہوگئیں، جس سے خاندان پر غم کا پہاڑ ٹوٹ پڑا۔ دوسری جانب یالال منڈل کے لکشمی نارائن پور کی رہنے والی اکھیلا ریڈی نامی ایک لڑکی بھی اسی حادثہ میں ہلاک ہوگئی۔ایم بی اے میں زیرِ تعلیم

کیمیکل فیکٹری میں لگی آگ

حیدرآباد۔3/نومبر(سفیر نیوز/صدائے حسینی)تلنگانہ کے پٹن چیرو صنعتی علاقہ میں واقع روپا کیمیکل فیکٹری میں آگ لگنے کا واقعہ پیش آیا۔ آگ کے بڑے شعلے کثیف دھوئیں کیساتھ اٹھنے لگے۔آگ پر قابو پانے کیلئے تین فائر انجنوں کو موقع پر طلب کیا گیا فائر بریگیڈ کے عہدیداروں نے کافی جدوجہد کے بعد آگ پر قابو پایا۔ آگ تیزی سے پھیلنے کے باعث قریب واقع سیتارا فلورمل تک شعلے پہنچنے کا خطرہ پیدا ہوگیا تھا تاہم پولیس اور فائر فائٹرس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے آگ پر قابو پانے کی کوششیں کی۔آگ لگنے کی وجوہات کا فوری طور پر علم نہ ہوسکا۔

میونسپل انتخابات میں تاخیر پر ریاستی حکومت سے وضاحت طلب: ہائیکورٹ

حیدرآباد۔3/نومبر(سفیر نیوز/صدائے حسینی) تلنگانہ ہائی کورٹ نے پیر کے روز ریاستی حکومت کو مقررہ وقت کے اندر بلدیاتی انتخابات کرانے میں ناکامی پر آڑے ہاتھوں لیا اور طویل تاخیر کی وضاحت طلب کی۔عدالت نے انتخابات کے ساتھ آگے بڑھنے کی پہلے ہدایات کے باوجود کانگریس حکومت کی عدم فعالیت پر ناراضگی کا اظہار کیا۔سربراہی میں ڈویژن بنچ کے چیف جسٹس اپریش کمار سنگھ اور جسٹس جی ایم محی الدین ریاستی الیکشن کمیشن (SEC) کے انتخابات ملتوی کرنے کے فیصلے کو چیلنج کرنے والی ایک درخواست کی سماعت کر رہے تھے۔کارروائی کے دوران، درخواست گزار نے استدلال کیا کہ انتخابی عمل کو معطل کرنے کا اسٹیٹ الیکشن کمیشن کا اقدام غیر آئینی اور بھارتی آئین کے آرٹیکل 243-E کی خلاف ورزی ہے۔انہوں نے عدالت کو یاددلایا کہ بلدیاتی اداروں کی مدت جنوری 2024 میں ختم ہوگئی تھی اور قانون کے تحت ان کی تحلیل کے چھ ماہ کے اندر نئے انتخابات کرائے جانے چاہئیں تھے۔درخواست میں یہ بھی کہا گیا کہ، 9 اکتوبر کے اپنے عبوری حکم میں، عدالت نے پہلے ہی ریاست کو مخصوص نشستوں کی تعداد کو کم کرنے کے بعد نظرثانی شدہ پولنگ شیڈول کے ساتھ آگے بڑھنے کی اجازت دی تھی۔تاہم، اسٹیٹ الیکشن کمیشن نے ابھی تک کوئی فالواپ کارروائی نہیں کی تھی۔کمیشن کی نمائندگی کرتے ہوئے، وکیل نے وضاحت کی کہ ایس ای سی 26 ستمبر 2025 کو جاری ہونے والے جی او نمبر 9 پر حکم امتناعی کی روشنی میں حکومتی فیصلے کا انتظار کر رہا ہے۔تاہم، اس وضاحت نے بنچ کو مطمئن نہیں کیا۔بظاہر ناراض چیف جسٹس نے حکومتی وکیل سے سوال کیا کہ انتظامیہ نے الیکشن کرانے کے عدالتی حکم کی تعمیل کیوں نہیں کی۔" کیا آپ کو عدالت کے عبوری حکم کا علم ہے؟ اس پر عمل درآمد کے لیے آپ نے کیا اقدامات کیے ہیں؟ "بنچ نے اشارے سے پوچھا۔جواب دیتے ہوئے، ریاست کے وکیل نے کہا کہ انتخابات کے انعقاد کی تیاریاں جاری ہیں اور حکومت سے مزید ہدایات حاصل کرنے کے لیے ایک ہفتے کا وقت دینے کی درخواست کی۔درخواست کو قبول کرتے ہوئے بنچ نے معاملے کی سماعت 11 نومبر تک ملتوی کر دی لیکن حکومت کو سخت وارننگ جاری کی۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ اگر آپ کو ایک ہفتے میں ہدایات ملنے کا یقین ہے تو ٹھیک ہے، ورنہ ہم مزید وقت دے سکتے ہیں لیکن آپ کو ٹھوس جواب کے ساتھ واپس آنا چاہیے۔عدالت کے مشاہدے نے توقعات کو تیز کر دیا ہے کہ ریاستی حکومت اور ریاستی الیکشن کمیشن دونوں اپنی پوزیشن واضح کریں گے اور ممکنہ طور پر اگلی سماعت پر طویل عرصے سے زیرالتوا بلدیاتی انتخابات کے لیے ٹائم لائن کا اعلان کریں گے۔

حیدرآباد میں ایک اور نوجوان کا بہیمانہ قتل

حیدرآباد ۔ 3/ نومبر(سفیر نیوز/ صدائے حسینی)حیدرآباد شہر کے بالانگر پولیس اسٹیشن کے حدود میں آئی ڈی پی ایل بس اسٹاپ کے قریب 39سالہ غفار نامی نوجوان پر نامعلوم حملہ آوروں نے تیز ہتھیار سے حملہ کر کے بہیمانہ انداز میں قتل کر دیا۔عینی شاہدین کے مطابق غفار پر حملہ اتنا اچانک اور خطرناک تھا کہ وہ شدید خون بہنے کی وجہ سے

موقع پر ہی ہلاک ہوگیا۔حملہ آور واردات کے بعد فرار ہوگئے۔ اطلاع ملتے ہی پولیس جائے وقوعہ پر پہنچی، شواہد اکٹھا کیے اور نعش کو پوسٹ مارٹم کے لئے ہاسپٹل منتقل کیا۔یہ واقعہ ایسے وقت میں پیش آیا ہے جب گزشتہ ایک ہفتے کے دوران شہر کے مختلف علاقوں میں دو دیگر قتل کے واقعات بھی سامنے آئے ہیں، جنہوں نے شہریوں میں خوف وہراس کی فضا پیدا کر دی ہے۔ پولیس نے غفار کے قتل کا مقدمہ درج کرتے ہوئے مختلف زاویوں سے تحقیقات شروع کر دی ہیں اور حملہ آوروں کی تلاش جاری ہے۔شہریوں کا کہنا ہے کہ مسلسل بڑھتے ہوئے جرائم سے حیدرآباد کا امن وامان متاثر ہو رہا ہے اور پولیس کو فوری طور پر سخت کارروائی کرنی چاہیے۔

چتر کوٹ میں سڑک حادثہ

چتر کوٹ، 3 نومبر (ہ س)۔اتر پردیش کے چتر کوٹ ضلع میں ایک خوفناک سڑک حادثہ پیش آیا۔ تین افراد جاں بحق اور پانچ شدید زخمی۔ حادثے کے بعد بس ڈرائیور اور کنڈیکٹر فرار ہو گئے۔ تمام مرنے والے بولیرو میں سفر کر رہے تھے۔اتر پردیش کے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے واقعے پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا اور حکام کو زخمیوں کے علاج کے لیے بہتر انتظامات کرنے کی ہدایت کی۔اطلاعات کے مطابق جھانسی-مرزا پور قومی شاہراہ پر ایک تیز رفتار بولیرو اور بندہ ڈپو روڈویز کی بس آپس میں ٹکرا گئی۔ بولیرو میں سوار تین افراد موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے۔

راجستھان میں ویسٹرن ڈسٹربنس متحرک 11 اضلاع میں بارش کا ایلوالرٹ جاری

جے پور، 3 نومبر (ہ س)۔راجستھان میں ایک بار پھر موسم بدلنے والا ہے۔مغربی ڈسٹربنس کے فعال ہونے کی وجہ سے پیر کو ریاست کے 11 اضلاع میں بارش متوقع ہے۔محکمہ موسمیات نے آج اور کل (4 نومبر) دونوں کے لیے یلوالرٹ جاری کیا ہے۔اس نظام کا اثر 4 نومبر کو زیادہ واضح ہوسکتا ہے۔گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ریاست میں موسم خشک رہا۔ جے پور، اجمیر، بھیلواڑہ، کوٹا، جودھپور اور بیکانیر سمیت بیشتر شہروں میں اتوار کو دن بھر صاف آسمان اور دھوپ چھائی رہی۔کئی شہروں میں درجہ حرارت میں قدرے اتار چڑھاؤ آیا۔

شملہ میں نجی بسوں کی غیر معینہ مدت تک کیلئے ہڑتال

شملہ، 3 نومبر (ہ س)۔ پیر کی صبح سے ہی دارالحکومت شملہ میں نجی بس ڈرائیور اور کنڈکٹر غیر معینہ مدت تک کے لئے ہڑتال پر چلے گئے ہیں۔اس ہڑتال کا اثر کام کے دن واضح طور پر نظر آ رہا ہے۔شہر میں 100 سے زیادہ نجی بسوں کے چکہ جام ہونے کی وجہ سے عام لوگوں کو بہت ساری پریشانیوں کا سامنا ہے۔صبح سے شہر کے مختلف راستوں پر نجی بسوں کی عدم فراہمی کی وجہ سے لوگوں کو اپنی منزل تک پہنچنے میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ چونکہ یہ ایک کام کا دن ہے، لہذا آفس جانے والے ملازمین، اسکول کے کالج کے طلباء اور جو لوگ روزانہ کام پر جاتے ہیں انہیں سب سے زیادہ پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ بہت سی جگہوں پر لوگ گھنٹوں بسوں کا انتظار کرتے دیکھا گیا۔نجی بسوں کی ہڑتال کی وجہ سے، ہماچل روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن بسوں میں مسافروں کے ہجوم میں اضافہ ہوا ہے۔بس اسٹینڈ پر مسافروں کی لمبی قطاریں ہیں۔

کٹھوعہ اور سانبہ پولیس نے پانچ منشیات اسمگلروں کو گرفتار کیا

جموں 3 نومبر (ہ س)۔ جموں وکشمیر پولیس نے کٹھوعہ اور سانبہ اضلاع میں منشیات کے خلاف بڑی کارروائیاں انجام دیتے ہوئے پانچ اسمگلروں کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے ہیروئن برآمد کی ہے۔ پولیس کے ترجمان کے مطابق پہلی کارروائی ضلع کٹھوعہ کے بلاور علاقے کے فنتر مقام پر عمل میں لائی گئی۔دورانِ چیکنگ ایک مشکوک کار کو رکنے کا اشارہ دیا گیا، تاہم سواروں نے فرار ہونے کی کوشش کی۔ پولیس نے تعاقب کر کے گاڑی کو قابو میں لیا اور تلاشی کے دوران 8.18 گرام ہیروئن برآمد کی۔گرفتار ملزمان کی شناخت ستیش کمار کھجوریہ اور ببّو سنگھ کے طور پر ہوئی ہے۔ پولیس نے گاڑی اور دو موبائل فون بھی ضبط کر لیے۔اسی طرح دوسری کارروائی کے دوران پولیس نے بیریان پٹّن علاقے میں ایک شخص محمد انجم کو چیکنگ کے دوران 5.34 گرام ہیروئن سمیت گرفتار کیا۔ایک اور کارروائی ضلع سانبہ کے بڑی برہمنہ علاقے میں انجام دی گئی، جہاں پولیس نے ایک موٹر سائیکل کو روک کر تلاشی لی۔موٹر سائیکل سوار منیش کمار اور اس کے ساتھی اسلم چودھری کے قبضے سے 5.62 گرام ہیروئن برآمد ہوئی۔ پولیس نے بتایا کہ تمام گرفتار ملزمان کے خلاف این ڈی پی ایس ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر لیے گئے ہیں اور ان کے نیٹ ورک سے جڑے دیگر افراد کی تلاش جاری ہے۔پولیس حکام کا کہنا ہے کہ منشیات کے خلاف مہم کو مزید تیز کیا جارہا ہے تاکہ معاشرے کو اس سے پاک کیا جاسکے۔

ایڈیٹر، پرنٹر، پبلشر و مالک سید جعفر حسین نے روزنامہ 'صدائے حسینی' کوسری شیٹائی انٹر پرائزیز' پلاٹ نمبر 19' آئی ڈی اے بالانگر' آر آر ڈسٹرکٹ' تلنگانہ 037 500 (انڈیا) سے چھپوا کر 18-7-306/146 'امان نگر (اے) سے شائع کیا۔رجسٹرڈ نمبر: RNI No.APURD/2009/30780' پوسٹل رجسٹریشن نمبر HSE/910/213/215۔